ادارہ

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

مسافرانِ آخرت

☆ **حضرت قاری عبداللطیف ملتانی رحمتہ اللہ علیہ:**

ہمارے دیرینہ کرم فرما تھے۔قرآن کریم سے خاص اُنس تھا۔تجوید وقرأت کے فن میں منفرد ذوق کے مالک تھے۔ انہوں نے قرأت کی مشق کا آغاز ابن امیر شریعت حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ سے کیا۔حضرت سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ سے بھی استفادہ کیا پھراستاذ القراء حضرت الشیخ القاری عبدالوہاب مکی رحمتہ اللہ علیہ سے با قاعدہ شرفِ تلمذ حاصل کیا۔خانوادۂ امیر شریعت سے بہت محبت وعقیدت تھی۔گزشتہ تیس برسوں سے مدینہ منورہ میں مقیم تھے اور حرم نبوی میں بھی تعلیم قرآن کے شعبہ سے وابستہ تھے۔انتہائی مہمان نواز اور وضع دار انسان تھے۔زائرین مدینۃ النبی کا بے پناہ اکرام کرتے۔خاص طور پر علماء کی مہمان نوازی میں اپنی مثال آپ تھے۔

گزشتہ چند برسوں سے عارضۂ قلب میں مبتلا تھے۔۲۱/اگست ۲۰۰۶ء بروز سوموار بوقتِ سحر انتقال فرما گئے۔مسجد نبوی میں نمازِ جنازہ ہوئی اور جنت البقیع میں آسودۂ خاک ہوئے۔رحمہ اللہ رحمۃً واسعۃً

☆ محمد حنیف سندھو مرحوم (برادر عبدالعزیز سندھو مرحوم) ملتان۔۶/اگست ۲۰۰۶ء

☆ شاہد رفیع مرحوم (ملتان) ۵/اگست ۲۰۰۶ء

☆ اہلیہ مرحومہ حافظ محمد اسماعیل صاحب (صدر مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ) ۵/اگست ۲۰۰۶ء

☆ اہلیہ مرحومہ پروفیسر محمد حمزہ نعیم صاحب (جھنگ)

☆ والدہ مرحومہ ملک غلام رسول صاحب (رکن مجلس احرار اسلام میر ہزار ضلع مظفر گڑھ)

☆ محمد عدنان بن حافظ عبدالعزیز صاحب (مدرس مدرسہ معمورہ کرم پور ضلع وہاڑی)

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔
اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔آمین)

☆......☆......☆